سوال

(795)جوامام حد شرعی یعنی مشت سے کم داڑھی رکھتا ہو

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومقتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں جوامام حد شرعی یعنی مشت سے کم داڑھی رکھتا ہواس کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں ؟ خواہ فرض ہویا سنت ؟ حافظ غلام رسول فیضی تحصیل وضلع بھکر

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس سوال میں مشت برابر داڑھی کو مقدار شرعی قرار دیا گیا ہے حالانکہ شرع میں داڑھی کی کوئی سی تحدید بھی وارد نہیں بس حکم ہے {اَعفُوا اللّحٰی} داڑھی کٹانے یا منڈانے والے کو نمازوں کا امام بنانے یا نہ بنانے کے متعلق قرآن مجید کی کوئی آیت یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث فی الوقت مجھے معلوم نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص521

محدث فتویٰ